# 4698 ـ مسلمان میت کی حرمت ایك زندہ مسلمان جیسی ہی ہے

**سوال**

میں نے اپنی زمین کی ایك طرف تین قبریں پائی ہیں، مجھے ان کا کیا کرنا ہو گا؟
کیا میرے لیے ان کی باقیات کو کسی اور جگہ منتقل کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اصل تو یہی ہے کہ انہیں عام غیر ملکیتی زمین میں دفن کیا گیا اور وہاں دفن ہونے کی وجہ سے وہ مردوں کی ملکیت ہے، لھذا انہیں وہاں سے اکھاڑنا وہاں شارع عام اور راستہ بنانا، اور اسے استعمال میں لانا جائز نہیں.

بلکہ وہاں چاردیواری کر دینی چاہیے تا کہ قبروں کی اہانت نہ ہو اور استعمال سے بچی رہیں، اور قبروں والوکی حرمت محفوظ رہے کیونکہ مسلمان میت کی حرمت ایك زندہ مسلمان جیسی ہی ہے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.